| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (چھٹا ہفتہ) | موضوع: | تین حرفی الفاظ بنانا | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ تین حرفی الفاظ بتا سکیں۔ تین حرفی الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے دو حرفی الفاظ کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ ہم دو حرفی الفاظ بنانا سیکھ چکے ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ جب ہم تین حروف کو ملاتے ہیں تو تین حرفی الفاظ بتا سکتے ہیں۔ تختہ سفید/ سیاہ پر ب + ا ۔ت لکھیں اور بچوں سے پوچھیں کیا آپ کوئی لفظ بنا سکتے ہیں؟ بچوں + اور ۔ سے سمجھائیں کہ جہاں جمع کا نشان ہے اس کا مطلب ہے حروف کو ملانا ہے اور جہاں نفی کا نشان ہے اس کا مطلب ہے کہ ان حروف کو ملا کر نہیں لکھنا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو چھوٹے سفید بورڈ اور مارکر دیے جائیں گے۔ معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر توڑ لکھے گی اور بچے تین حرفی لفظ بورڈ پر لکھیں گے۔ بچوں کو کتاب صفحہ 38 کھولنے کو کہا جائے گا۔ حروف کے توڑ اور جوڑ پڑھنے، پنسل پھیرنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو ان الفاظ کے معنی بتائے جائیں گے جیسا کہ بدی برائی کو کہتے ہیں۔ صدی 'سو سال' کو اور سدا 'ہمیشہ' کو کہتے ہیں۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر ان تمام الفاظ کو زبانی جملوں میں استعمال کر کے بچوں کو سمجھایئے توڑ جوڑ کیجیے۔<br>**اختتامیہ:**<br>تمام تین حرفی الفاظ تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر پڑھائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | چھوٹے سفید بورڈ مارکر کتاب صفحہ 38 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا تین حرفی لفظ بنانے، پڑھنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی (چھٹا ہفتہ) | موضوع: | تین حرفی الفاظ بنانا | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ تین حرفی الفاظ بتا سکیں۔ تین حرفی الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>تین حرفی لفظ تختہ سیاہ/سفید پر لکھ کر ان کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا تین حرفی لفظ بنانے، پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا ہم تین حرفی الفاظ کی دہرائی کریں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ تین حرفی لفظ سے مراد کتنے حروف ہیں؟<br>تختہ سیاہ/سفید پر ج + ے + ت لکھیں اور بچوں کو بتایئے کہ ان تینوں حروف کو ملا کر کیسے لکھنا ہے اور کیا لفظ بنے گا۔ | 5 منٹ | الفاظ فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو Salt Tray دی جائے گی اور معلمہ کچھ تین حرفی الفاظ کے فلیش کارڈ دکھائے گی۔ تیل ، میز ، ریت ، بیت ، سیب اور بچے Salt Tray پر بچے ان الفاظ کے توڑ لکھیں گے۔<br>کتاب صفحہ 45 کھولنے کو کہا جائے گا۔ تین حرفی الفاظ کی لکھائی اور پڑھائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا یہ تمام الفاظ 'ے' سے ملا کر بنائے گئے ہیں۔ | 25 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 45 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بیل، جیل، کیک، ریل الفاظ تختہ سفید/سیاہ پر لکھ کر پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 51 کیجیے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (چھٹا ہفتہ) | موضوع: | چار حرفی الفاظ بنانا | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ چار حرفی الفاظ بنا سکیں ۔ چار حرفی الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>تین حرفی الفاظ پوچھے جائیں گے ۔ معلمہ فلیش کارڈ دے کر بچوں کو پڑھنے کو کہیں گی ۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا چار حرفی الفاظ بنانے ، پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ ہم دو حرفی اور تین حرفی الفاظ پڑھ چکے ہیں ۔ آج ہم چار حرفی الفاظ بنانا سیکھیں گے ۔ تختہ سفید پر مختلف الفاظ لکھیں جیسا کہ با + با = بابا ، پو + دا = پودا اور بچوں سے ان کی پڑھائی کروایئے ۔ | 5 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو جوڑوں میں تقسیم کیا جائے گا ۔ تختہ سفید/ سیاہ پر چار حرفی الفاظ توڑ کر لکھے جائیں گے ۔ بچے ان حروف کو جوڑ پر نیا لفظ بنائیں گے اور بننے والے لفظ سے ایک جملہ بنائیں گے بچوں سے کتاب صفحہ 92 کھولنے کو کہا جائے گا چار حرفی الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کروائی جائے گی ۔ نیچے دیے گئے رنگوں کی ناموں کروائی جائے گی ۔ تصاویر میں رنگ بھرنے کو کہا جائے گا ۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ سرخ ، سبز ، خاکی ، پیلا ، نیلا میں سے تین حرفی اور چار حرفی الفاظ کون سے ہیں؟ | 25 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 92 | |
| | **اختتامیہ:**<br>وہاں ، یہاں ، مرغی ، کرسی ، بورڈ پر لکھ کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی ۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (چھٹا ہفتہ) | موضوع: | چار حرفی الفاظ بنانا | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ چار حرفی الفاظ بنا سکیں ۔ چار حرفی الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے کتاب، لباس، کرسی، یہاں، وہاں الفاظ کی پڑھائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا جوڑ کے توڑ کرنے اور الفاظ کی پڑھائی کرنے پر۔ |
| | تعارف:<br>بچوں کو بتایا جائے گا آج ہم مزید چار حرفی الفاظ سیکھیں گے۔ معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر چند چار حرفی الفاظ لکھ کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی جیسا کہ روٹی، بوٹی، چپاتی، سرخی، گوشت، انڈا۔ | 5 منٹ | | |
| | مرکزی سرگرمی:<br>بچوں سے کتاب 93 کھولنے کو کہا جائے گا دیے گئے الفاظ تختہ سفید پر لکھ کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ بچوں سے ان کے توڑ زبانی پوچھے جائیں گے۔ توڑ لکھنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ بچوں سے ان الفاظ کی تصاویر بنانے کو کہا جائے گا۔ معلمہ تصاویر تختہ سیاہ/سفید پر بنائے گی اور اُن کے ساتھ نام بھی لکھے گی۔ | 25 منٹ | Salt Tray<br>کتاب صفحہ 35 | |
| | اختتامیہ:<br>بچوں سے انڈا، بوتل، برگر، گوشت اور مرغی کے الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (چھٹا ہفتہ) | موضوع: | چار حرفی الفاظ | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ چار حرفی الفاظ بنا سکیں۔ چار حرفی الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے تین حرفی اور چار حرفی الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کہ چار حرفی الفاظ میں کتنے حرف ہوتے ہیں؟ بچوں کو فلیش کارڈ دکھا کر چار حرفی الفاظ پڑھنے کو کہا جائے گا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پانچ کے گروپس میں تقسیم کیا جائے گا۔ ہر گروپ کو چار حرفی الفاظ کے فلیش کارڈ دیے جائیں گے۔ گروپ کے تمام ممبر باری باری ان الفاظ کو پڑھیں گے۔ پھر اپنے سے اگلے گروپ کو دے دیں گے۔ اس طرح تمام گروپس ایک دوسرے کے الفاظ پڑھیں گے۔<br>بچوں سے کاپی پر چار حرفی الفاظ سوتا، روتا، جاگا، مرغی ، گوشت کے توڑ کروائے جائیں گے ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے پڑھے گئے الفاظ سے جملے بنانے کو کہا جائے گا۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر توڑ جوڑ کیجیے۔ | 2منٹ<br>5منٹ<br>30منٹ<br>5منٹ | چار حرفی فلیش کارڈ<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا جوڑ کے توڑ کرنے اور الفاظ کی پڑھائی کرنے پر۔ |